سوال

(145) تکبیرات عیدین

جواب

السلام علیکم ورحمة اللہ وبرکاتہ

تکبیرات عیدین

الجواب بعون الوہاب بشرط صحة السؤال

وعلیکم السلام ورحمة اللہ وبرکاتہ!

الحمد للہ، والصلاة والسلام علیٰ رسول اللہ، أما بعد!

عیدین کے موقع پر اللہ کی کبریائی اور عظمت بیان کرنا مستحب عمل ہے لیکن رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم سے ان کے الفاظ کے متعلق کوئی صحیح حدیث منقول نہیں، البتہ عبد اللہ بن مسعود رضی اللہ عنہ درج ذیل الفاظ کہا کرتے تھے۔ اللہ اکبر، اللہ اکبر لا الہ الا اللہ واللہ اکبر اللہ اکبر وللہ الحمد۔[1]

حضرت ابن عباس رضی اللہ عنہ سے درج ذیل الفاظ مروی ہیں : اللہ اکبر، اللہ اکبر اللہ اکبر وللہ الحمد، اللہ اکبر واجل اللہ اکبر علی ماھدانا۔[2]

حضرت سلمان فارسی رضی اللہ عنہ درج ذیل الفاظ کہا کرتے تھے۔ اللہ اکبر، اللہ اکبر اللہ اکبر کبیرا

تکبیرات کے علاوہ نعت خوانی اور اشعار وغیرہ پڑھنا ثابت نہیں۔

---

[1] مصنف ابن ابی شیبہ : ص ۱۸۶، ج ۲۔

[2] بیہقی: ص ۲۱۰، ج ۲۔

ھذا ما عندي واللہ أعلم بالصواب

فتاویٰ اصحاب الحدیث